NYC Health

کُتا مالکان کے لیے اکثر پوچھے گئے سوالات

لیپٹو اسپائروسس (leptospirosis) کیا ہے؟

لیپٹو اسپائروسس ایک بیکٹیریائی مرض ہے جو لوگوں اور کچھ حیوانات، جیسے کتوں کو متاثر کرتا ہے۔ یہ بلیوں کو شاذ و نادر ہی متاثر کرتا ہے۔

کیا لیپٹو اسپائروسس نیو یارک سٹی (NYC) میں ہے؟

ہاں۔ لیپٹو اسپائروسس سبھی پانچوں بورو میں لوگوں اور کتوں میں پایا گیا ہے۔ بہت سارے مختلف حیوانات میں ایسے بیکٹیریا ہوتے ہیں جو لیپٹو اسپائروسس کا سبب بنتے ہیں۔ NYC میں، چوہے سب سے عمومی ماخذ ہیں۔

لیپٹو اسپائروسس کس طرح پھیلتا ہے؟

لیپٹو اسپائروسس کا سبب بننے والا بیکٹیریا متاثرہ حیوانات کے پیشاب سے پھیلتا ہے اور یہ پانی یا مٹی میں ہفتوں سے مہینوں تک زندہ رہ سکتا ہے۔ اگر یہ بیکٹیریا لوگوں اور حیوانات کی آنکھوں، ناک، یا منہ، یا ان کی جلد پر موجود کسی کٹ یا کھرونچ میں داخل ہو جائے تو وہ اس سے متاثر ہو سکتے ہیں۔ کتے عموماً چوہے کے پیشاب سے آلودہ پانی یا مٹی کو چاٹنے یا پینے سے متاثر ہوتے ہیں۔

کیا مجھے میرے کتے سے لیپٹو اسپائروسس ہو سکتا ہے؟

ہاں، لیکن کتوں سے لوگوں میں لیپٹو اسپائروسس پھیلنا امریکہ میں شاذ و نادر ہے اور NYC میں اس کی رپورٹ نہیں کی گئی ہے۔

لیپٹو اسپائروسس کی نشانیاں اور علامات کیا ہیں، اور یہ کتنی مدت تک رہتی ہیں؟

کتے عموماً اس کی زد میں آنے کے ایک تا دو ہفتے بعد بیمار پڑتے ہیں۔ بخار، کپکپی، بھوک ختم ہو جانا، الٹی، عضلات میں درد، اور اسہال نشانیوں میں شامل ہیں، جو عموماً ہفتوں تک رہتی ہیں۔ کچھ کتوں کی ابتدائی علامات بہتر معلوم پڑنے کے بعد بھی، ان میں مزید سنگین بیماریاں، جیسے گردے یا جگر کا کام کرنا بند کر دینا بھی پیدا ہو سکتی ہیں۔

میں لیپٹو اسپائروسس سے اپنے کتے کا تحفظ کس طرح کر سکتا ہوں؟

اپنے گھر کو حشرات سے پاک اور اپنے کتے کو حشرات سے اور دیگر چھوٹے جنگلی ممالی جانوروں سے دور رکھیں۔ اپنے کتے کو جوہڑ یا پانی کے دیگر ایسے ماخذ سے مت پینے دیں جس میں حیوانات کا پیشاب ہو سکتا ہو۔ لیپٹو اسپائروسس کو روکنے میں مدد کے لیے ٹیکہ کاری کے بارے میں اپنے جانوروں کے ڈاکٹر سے بات کریں۔

لیپٹو اسپائروسس کی تشخیص کس طرح ہوتی ہے؟

آپ کا جانوروں کا ڈاکٹر ابتلاء کی سرگزشت (جیسے چوہوں یا پانی کے جوہڑ کے تئیں)، علامات، اور خون یا پیشاب کے ٹیسٹ کے نتائج کی بنیاد پر آپ کے کتے میں لیپٹو اسپائروسس کی تشخیص کر سکتا ہے۔

لیپٹو اسپائروسس کا علاج کس طرح کیا جاتا ہے؟

لیپٹو اسپائروسس کا علاج اینٹی بایوٹکس کی مدد سے کیا جاتا ہے۔ بروقت اس کا علاج کرنے سے سنگین مرض کو روکنے میں مدد مل سکتی ہے۔ سنگین بیماری والے کتوں کے لیے ہسپتال میں بھرتی کرنا ضروری ہو سکتا ہے۔

اگر میرے کتے میں لیپٹو اسپائروسس کی تشخیص ہوتی ہے تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

آپ کا جانوروں کا ڈاکٹر اینٹی بایوٹکس کی مدد سے آپ کے کتے کا علاج شروع کرے گا، جو اس بیکٹیریا کی تعداد کم کرے گا جو وہ پیشاب کرتے وقت بہاتا ہے۔ آپ کے کتے کا علاج ہو رہے ہونے کے دوران خود کا اور دوسروں کا تحفظ کرنے کے لیے:

- اپنے کتے کو یا اس کے پیشاب کو ہاتھ لگانے کے بعد اپنے ہاتھوں کو اچھی طرح دھوئیں۔
- اپنے کتے کو ایسی جگہ پیشاب کرائیں جہاں پیشاب جلدی سوکھ جائے اور لوگوں اور دوسرے کتوں کے ساتھ رابطہ کا کم امکان ہو۔ دھوپ اور پیشاب کا سوکھ جانا بیکٹیریا کو ہلاک کر دے گا۔
- اپنے کتے کی بیڈنگ یا پیشاب والے کسی حصے کی صفائی کرتے وقت قابل ضیاع دستانے پہنیں۔
- جو حصے پیشاب، فضلات یا الٹی سے آلودہ ہو سکتے ہوں ان کی صفائی آیوڈین یا بلیچ پر مبنی جراثیم ربا سے کریں۔
- اگر آپ بیمار محسوس کریں تو اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔

اگر میرے کتے کو پہلے بھی لیپٹو اسپائروسس ہوا تھا تو کیا وہ دوبارہ متاثر ہو سکتا ہے؟

ہاں۔ بیکٹیریا کی بہت ساری ایسی مختلف نسلیں ہیں جو لیپٹو اسپائروسس کا سبب بنتی ہیں۔ لیپٹو اسپائروسس سے صحت یاب ہونے کے بعد، کوئی جانور بیکٹیریا کی دوسری نسل سے دوبارہ بیمار پڑ سکتا ہے۔

مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

- سوالات کے لیے، اپنے جانوروں کے ڈاکٹر سے بات کریں۔
- لیپٹو اسپائروسس سے متعلق مزید معلومات اور وسائل کے لیے **nyc.gov/health** ملاحظہ کریں اور **"leptospirosis"** (لیپٹو اسپائروسس) تلاش کریں۔
- **NYC** میں چوہے کے معائنے کے نقشوں اور چوہے کی روک تھام اور نظم و نسق کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، **nyc.gov/rats** ملاحظہ کریں۔